SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

January 25, 2021

## ایس ای سی پی کی الیکٹرانک سروسز پاکستان موبائل نمبر پورٹیبلٹی کے ساتھ منسلک کر دی گئی

اسلام آباد (جنوری 25) سیکورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے الیکٹرانک فائلنگ اور کمپنی کی رجسٹریشن کو مزید محفوظ بنانے کے لیے ای سروسز کو پاکستان موبائل نمبر پورٹیبلٹی (ایم این پی) ڈیٹابیس (گارنٹی) لمیٹڈ کے ساتھ منسلک کر دیا ہے جس سے کمپنی کی رجسٹریشن کے لئے درخواستیں دینے والے افراد کے فون نمبرز کی تصدیق ان کی قومی شناختی کارڈ نمبر کے ساتھ ہو جائے گا۔ تصدیق کا یہ عمل مکمل طور پر ڈیجیٹل ہو گا۔

ایس ای سی پی کی ای سروسز کے پاکستان موبائل نمبر پورٹیبلٹی کے ساتھ انٹی گریشن سے کمپنی کے ڈائریکٹرز اور سپانسرز کے موبائل فون نمبر کے ممکنہ غلط استعمال کے امکانات ختم ہو جائیں گے۔ کمپنیوں کے ڈائریکٹرز کے فون نمبرز کی تصدیق کا عمل اینٹی منی لانڈرنگ اور ٹیرر فنانسنگ کی جانب سے درپیش چیلنجز کے تناظر میں یہ انتہائی اہم پیشرفت ہے۔ صارفین کے قومی شناختی کارڈ کی تصدیق کے لئے ایس ای سی پی کی ای سروسز پہلے ہی نادرہ کے ڈیٹابیس کے ساتھ انٹی منسلک ہے۔